رہبر معظم کا کرمان کے امام جمعہ کے فرزند کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 21 /Oct/ 2014

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک پیغام میں کرمان کے امام جمعہ کے فرزند کے انتقال پر تعزیت پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب مستطاب حجۃ الاسلام آقائ حاج سید یحیی جعفری امام جمعہ محترم کرمان دامت برکاتہ

آپ کے فرزند گرامی کے انتقال پر آپ کو تسلیت پیش کرتا ہوں، جنابعالی کی بقاء عمر اور عافیت اور تمام پسماندگان کے لئے صبر و اجر اور مرحوم کے لئے اللہ تعالی کی بارگاہ سے رحمت اور مغفرت طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

28/مہر/1393